پریس ریلیز

امیر الدین میڈیکل کالج کے سٹوڈنٹ ثقلین امداد نے صوبہ میں دوسری پوزیشن حاصل کر لی

میڈیکل سٹوڈنٹس پیشہ ورانہ تعلیم میں ملک وقوم کا نام پیدا کر کے دکھی انسانیت کی خدمت کریں

اقبال کے خواب "ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی" کو سچ ثابت کر دکھایا: پروفیسر الفرید ظفر

لاہور 12 فروری: ......ایم بی بی ایس تھرڈ پروفیشنل کے سالانہ امتحانات میں لاہور جنرل ہسپتال سے منسلک امیر الدین میڈیکل کالج و پی جی ایم آئی کے ہونہار طالب علم ثقلین امداد نے صوبہ بھر کے 43 میڈیکل کالجز میں دوسری پوزیشن حاصل کر کے اے ایم سی، میڈیکل ٹیچرز اور والدین کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے۔

اس شاندار کامیابی پر اساتذہ کرام اور طلباء و طالبات انتہائی پرمسرت اور جوش و جذبے سے سرشار دکھائی دیتے ہیں۔ اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے کہا کہ امیر الدین میڈیکل کالج نے کم سے کم وقت میں نمایاں مقام حاصل کر لیا ہے اور اس قلیل مدت میں صوبے میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے اس کالج کے سٹوڈنٹ ثقلین امداد بجا طور پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس کالج کے میڈیکل سٹوڈنٹس نے علامہ اقبال کے خواب ''ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی'' کو سچ ثابت کر دکھایا ہے جو ہمارے طلبا و طالبات کی ذہانت کے اعتبار سے بہت قریب ترین ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ چند برسوں کے دوران امیر الدین میڈیکل کالج نے جو مقام اور وقار پیدا کیا ہے وہ یہاں کے اساتذہ کی محنت، لگن اور مستقبل کے اہداف طے کر کے آگے بڑھنے والے طلباء و طالبات کی دن رات کاوشوں کا ثمر ہے۔

پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ جس طرح پی جی ایم آئی عالمی سطح پر یہاں کے فارغ التحصیل ڈاکٹرز کی بدولت پہچان کا حامل ہے اس بات میں کوئی شبہ نہیں کہ آنے والے دنوں امیر الدین میڈیکل کالج کا نام بھی اسی طرز پر چمکتا دکھائی دے گا جس کا سبب یہاں سے فارغ التحصیل ہونے والے نوجوان ڈاکٹرز بنیں گے۔

پرنسپل پی جی ایم آئی نے ایم بی بی ایس کے طلباء و طالبات کو پیغام دیا کہ وہ اسی لگن اور جذبے کے ساتھ آگے بڑھتے رہیں دنیا کی کوئی طاقت ان سے اُن کی محنت کا ثمر نہیں چھین سکتی۔ اس موقع پر سٹوڈنٹس نے اس بات کا عزم کیا کہ انہوں نے جس مقصد کے لئے اس شعبے کا انتخاب کیا ہے اسے ہر صورت عملی جامہ پہنا کر حکومت، عوام اور والدین کی توقعات پر پورا اتریں گے، دکھی انسانیت کی دل و جان سے خدمت کرتے ہوئے اس ادارے کا نام بلند سے بلند تر کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش جاری رکھیں گے۔

☆☆☆☆